از دفتر چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ضلع رحیم یار خان

بطرف: جملہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسران سیکنڈری، مردانہ وزنانہ ایلیمنٹری ضلع رحیم یار خان
جملہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسران زنانہ ومردانہ ضلع رحیم یار خان
جملہ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسران زنانہ ومردانہ ضلع رحیم یار خان
جملہ ہیڈز ہائی/ہائرسیکنڈری، ایلیمنٹری، پرائمری ومسجد مکتب مردانہ وزنانہ ضلع ہذا

نمبری **3406** مورخہ **26.03.2018**

عنوان: **فرقہ وارانہ ومذہبی تعصبات پرمبنی تقاریر ولیکچرز پر گورنمنٹ سکولز میں پابندی**

اندریں عنوان بالاتحریر ہے کہ آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گورنمنٹ سکولز میں دوران کلاس کوئی بھی ٹیچر یا ہیڈ ٹیچر کسی قسم کی ایسی تقریر یا لیکچر نہ دے جس سے مذہبی فرقہ واریت کو فروغ ملے۔ بحیثیت معلم ہمارا اولین فرض بنتا ہے کہ ہم معاشرے میں بڑھتی ہوئی انتہا پسندی اور فرقہ واریت کو روکیں اور مذہبی اعتدال پسندی اور مذہبی رواداری پر مبنی معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔ بچوں کے ذہن معصوم ہوتے ہیں اور وہ استاد کی باتوں کو توجہ سے سنتے ہیں اور اس پر عمل بھی کرتے ہیں۔ اس لیئے سختی سے سب لوگوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ سکولوں میں کوئی ایسی سرگرمی یا تقاریر اور لیکچرز ہرگز نہ دیں جس سے فرقہ واریت اور انتہا پسندی کو فروغ ملے بلکہ مذہبی بھائی چارہ اور اتحاد بین المسلمین کا درس دیں اور انتہا پسندی کو روکیں تاکہ بچوں کے کردار پر اچھا اثر پڑے۔

تمام ایجوکیشنل منیجرز کو ہدایت کی جاتی ہے ان ہدایات کو فوری طور تمام سکولوں کے ہیڈز تک پہنچائیں اور ان پر عمل درآمد کروائیں۔ عدم تعمیل وتاخیر کی صورت میں تمام تر ذمہ داری ان پر عائد ہوگی۔ مزید براں اگر کوئی ہیڈ ٹیچر یا ٹیچر ایسی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف PEEDA Act-2006 کے تحت محکمانہ کارروائی کے ساتھ ساتھ FIR بھی درج کرواتے ہوئے سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نوٹ: سیکورٹی خدشات کے پیش نظر سکولوں میں مارننگ اسمبلی پر پابندی عائد ہے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر (DEA) 27/3/18
رحیم یار خان

No. & Date Even

1- جناب سیکرٹری سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور
2- جناب ایڈمنسٹریٹر DEA و ڈپٹی کمشنر صاحب ضلع رحیم یار خان
3- جناب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ضلع رحیم یار خان
3- امن کمیٹی ضلع رحیم یار خان
4- دیگر تمام متعلقین
5- دفتری ریکارڈ

Scanned by CamScanner